بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

شعبہ تعلیم لجنہ اماء اللہ یو۔کے
تعلیمی نصاب برائے ماہ
فروری 2025

1۔ قرآن کریم

- "سورۃ البُروج" آیات نمبر 12-1 بمعہ ترجمہ و تفسیر پڑھیں۔
- "سورۃ البُروج" کی آیت نمبر 2 میں "برجوں والے آسمان" سے کیا مراد ہے؟
- آیت نمبر 3 میں "موعود دن" کا ذکر ہے، اس کی کیا اہمیت ہے؟
- آیت نمبر 4 میں "گواہی دینے والے اور جس کی گواہی دی جائے"، کی کیا تفسیر بیان کی گئی ہے؟

ذرائع: تعلیم نصاب۔ صفحہ نمبر 199-207

تفسیرِ کبیر صفحہ نمبر 513-535: https://files.alislam.cloud/urdu/pdf/Tafsir-e-Kabir-Vol-11.pdf

2۔ قرآن کریم کے احکامات

- سورۃ البقرہ کی آیت 239 میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

حٰفِظُوْا عَلَى الصَّلَوٰتِ وَالصَّلٰوةِ الْوُسْطٰى

(اپنی) نمازوں کی حفاظت کرو بالخصوص مرکزی نماز کی

- پیارے آقا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اپنے خطبہ جمعہ مورخہ 15 فروری 2008 میں قرآن مجید کی اس آیت کے بارے میں بیان کرتے ہوئے فرمایا،

"مختلف مفسرین نے درمیانی نماز کی اپنے اپنے ذوق یا علم کے مطابق تفسیر کی ہے۔ کسی نے تہجد کی نماز، کسی نے فجر کی نماز، کسی نے ظہر و عصر کی نماز مراد لی ہے۔ بہرحال یہاں ایک اصولی ہدایت آگئی کہ صَلٰوةُالْوُسطٰی کی حفاظت کرو اور ہر ایک

کے حالات کے لحاظ سے درمیانی نماز وہ ہے جس میں دنیاداری یا سستی اسے نماز قائم کرنے سے روکتی ہے یا نماز سے غافل کرتی ہے، جب شیطان اس کی توجہ نماز کی بجائے اور دوسری چیزوں کی طرف کروارہاہوتا ہے۔پس اس وقت اگر ہم شیطان سے بچ گئے اور اس کو اپنے اوپر حاوی نہ ہونے دیا تو سمجھو کہ ہم نمازوں کی حفاظت کرنے والے ہیں اور جب یہ صورت ہو گی تو جیسا کہ پہلے ذکر ہو چکا ہے پھر نماز ہماری حفاظت کرے گی۔فرضوں کی حفاظت سنتیں کریں گی اور سنتوں کی حفاظت نوافل کریں گے اور یہی ایک مومن کی پہچان ہے۔اور جب یہ حالت ہو گی تو پھر شیطان کا دور دور تک پتہ نہیں چلے گا۔ایسے لوگوں کے قریب بھی شیطان پھٹکا نہیں کرتا۔پس یہ ایک مسلسل عمل ہے اور یہی حالت ہے جو حقیقی فرمانبرداری کی حالت ہے اور یہی حالت ہے جو بیعت کرنے کے بعد پاک تبدیلیاں پیدا کرنے والی حالت ہے"۔

- اللہ تعالیٰ کے اس حکم کو مزید گہرائی سے سمجھنے کے لئے پیارے آقا ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا خطبہ جمعہ تفصیل سے سنیں اور اس بات پر غور کریں کہ ہم اپنی نمازوں کی کس طرح حفاظت کر سکتے ہیں اور ہم کس طرح سستی اور کمزوری کو ترک کرکے نمازوں میں باقاعدگی اور پابندی کو اپنا سکتے ہیں؟

ذرائع: تعلیم نصاب۔ صفحہ نمبر 213

خطبہ جمعہ مورخہ 15/02/2008: https://www.alislam.org/friday-sermon/2008-02-15.html

3۔ اقامتہ الصلوٰۃ: بے ذوقی کا علاج

- نماز میں کس طرح لذت محسوس کی جاسکتی ہے؟ حضرت مسیح موعود علیہ السلام اِس بارے میں کیا فرماتے ہیں؟
- پیارے آقا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے خطبہ جمعہ مورخہ 16 دسمبر 2022 کو غور سے سنیں اور اس بارے میں بات چیت کریں۔

ذرائع: تعلیم نصاب۔ صفحہ نمبر 222-223

خطبہ جمعہ 16/12/2022: https://www.alislam.org/friday-sermon/2022-12-16.html

4۔ ملفوظات: اخلاق انسان کے صالح ہونے کی نشانی ہے

- حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے انسان کے صالح ہونے کی کیا نشانی بیان فرمائی ہے؟ آپؑ نے اپنی تحریرات میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے اعلیٰ اخلاق جو ہمارے لئے بے نظیر اور کامل نمونہ ہیں، کے متعلق کیا تفصیل بیان کی ہے؟ اعلیٰ اخلاق کس طرح حاصل کئے جا سکتے ہیں؟ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی زندگی سے اعلیٰ اخلاقی برتری کے متعلق ہمیں کیا تعلیم ملتی ہے؟

ذرائع: تعلیم نصاب۔ صفحہ نمبر 230-233

5۔ کتاب: احمدیت یعنی حقیقی اسلام
تصنیف حضرت مرزا بشیر الدین محمود احمد رضی اللہ تعالیٰ عنہ

- کتاب احمدیت یعنی حقیقی اسلام میں حضرت مصلح موعودؓ نے بیان فرمایا ہے کہ دوسرا مقصد مذہب کا یہ ہے کہ وہ انسان کو کامل اخلاقی تعلیم دے۔ مذہب کے اس دوسرے مقصد کا مطالعہ کرتے ہوئے مندرجہ ذیل نکات پر غور کریں۔
- اخلاق حسنہ کے مختلف مدارج کیا ہیں؟
- وہ ذرائع کیا ہیں جن کی مدد سے انسان اخلاق حسنہ کو اختیار کر سکتا ہے اور اخلاق سیّئہ سے بچ سکتا ہے؟

صفحہ نمبر 220:
ذرائع: https://www.alislam.org/urdu/au/AU8-5.pdf



click to read

click to read